PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Phone No. 091-9210489-(Ext:) 1267
Fax No. 091-9210258

LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES

Session 21st

Notice No. 2347

Received Dated 15 / 03 /2022

Admitted Dated 18 / 03 /2022

Department **Administration**

توجہ دلاؤ نوٹس 2347

منجانب:۔ صاحبزادہ ثناء اللہ خان صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ انتظامیہ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ اسمبلی ملازمین کے ساتھ اسٹیٹ آفس محکمہ انتظامیہ سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہا ہے گریڈ 17 / 18 کے افسران کو کلاس فور کے لیے مختص رہائشی گھر (سی) ٹائپ گھر الاٹ کیے جاتے ہیں جبکہ ان کے اپنے کلاس فور اور جونئیر کلرکس بھی (اے اور بی) ٹائپ گھروں میں رہتے ہیں اسمبلی ملازمین کی 15، 20 سالوں سے سرکاری رہائش گاہ کے انتظار میں بھیٹے ہیں جبکہ سیکرٹریٹ کہ 1 اور 2 سال نوکری کرنے والوں کو بھی گھر الاٹ کئے گئے ہیں جن کے ثبوت موجود ہیں اور اسمبلی ملازمین کو میرٹ لسٹ کا بہانہ بنا کر ان کی درخواستوں پر کوئی عمل درآمد نہیں کیا جاتا۔ مزید برآں اور بھی اسمبلی سیکرٹریٹ کے ملازمین جو کہ گریڈ 17 میں ہیں کو بھی چار پانچ سال سے کلاس فور کے گھر میں رہنے پر مجبور کیا ہوا ہے یہ سراسر ناانصافی ہے کہ کسی بھی ملازم کو ایسا گھر الاٹ کیا جائے جس میں کوئی سہولت بھی میسر نہ ہو اور گھر کے پیچھے ہزاروں روپے کے بجلی / گیس کے بقایاجات بھی ہوں۔ لہذا حکومت اسٹیٹ آفس کے اس ناروا رویئے کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائے۔ تاکہ اسمبلی ملازمین کے ساتھ ہونے والے ناانصافی کا ازالہ ہو سکے۔